# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 02 November-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲/نومبر۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست کے ہر شہری کی زندگی میں خوش حالی اور سکون ہو۔ نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے سرکاری مہا پوجا میں دعائیہ کلمات۔

☆ مرکزی حکومت کی امدادی قیمت اسکیم کے تحت مونگ، اڑد اور سویابین کی خریداری کا ریاست میں 15/نومبر سے آغاز۔

☆ فہرست رائے دہندگان کی بے ضابطگیاں دور کرنے کے مطالبے پر مہاوکاس آگھاڑی کا ممبئی میں احتجاجی جلوس۔

اور۔۔۔☆ خواتین کے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل آج بھارت اور جنوبی افریقہ کے مابین۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاست کے ہر شہری کی زندگی میں خوشی، سکون اور اطمینان کے دن آئیں۔ یہ دعا نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے وٹھل رایا کے دربار میں کی۔ کارتکی ایکادشی کے موقع پر آج صبح پنڈھرپور میں وٹھل رکمنی کی سرکاری مہا پوجا ایکناتھ شندے نے کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ نومبر کے مہینے میں بھی برسات جاری ہے جس سے کسانوں کو بہت نقصان ہو رہا ہے اور حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ نیز سرکاری سطح پر ان کی ہر ممکنہ مدد کی جائے گی۔

ماحولیات کی بیداری کے لیے مہاراشٹر پولیوشن کنٹرول بورڈ کی جانب سے گذشتہ کئی برسوں سے چلائے جا رہے ''کارتکی چی واری۔ پنڈھرپور چیا داری'' اس خصوصی پروگرام کا اختتام کل پنڈھرپور میں نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مہم صرف یاترا تک محدود نہ رہے بلکہ پورے سال جاری رکھی جائے تاکہ ماحولیات کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکے۔

دریں اثناء کارتکی ایکادشی کے موقع پر ریاست بھر کے وٹھل مندروں میں مختلف پروگرام منعقد ہو رہے ہیں۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے مضافات میں والوج میں واقع پنڈھرپور کے وٹھل رکمنی مندر میں آج صبح رکن اسمبلی ولاس بھمرے نے پوجا کی۔

***** ***** *****

22/ستمبر کو اشیاء وخدمات ٹیکس کے نظام میں کی گئی تبدیلیوں کے بعد اکتوبر 2024 کے مقابلے میں گذشتہ ماہ یعنی اکتوبر 2025 میں جمع GST میں 4.6 فیصد اضافہ درج کیا گیا ہے۔ ماہ اکتوبر میں ایک لاکھ 95 کروڑ روپیئے جی ایس ٹی جمع ہوا۔ جبکہ مرکزی حکومت اور ریاستی حکومتوں کا مشترکہ IGST ایک لاکھ چھ ہزار 443 کروڑ روپیئے اور سیس سات ہزار 812 کروڑ روپیئے جمع کیا گیا۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کی کم از کم بنیادی/امدادی قیمت خرید اسکیم کے تحت مونگ، اڑد اور سویابین کی فصلوں کی خریداری 15/نومبر سے شروع ہوگی۔ اس کے لیے کسانوں کے موبائیل ایپ کے ذریعے یا خریدی مراکز پر رجسٹریشن شروع ہو چکا ہے۔ اور 31/دسمبر تک یہ رجسٹریشن کروایا جا سکتا ہے۔ مارکٹنگ

افسران نے اپیل کی ہے کہ کسان قریبی خریداری مراکز پر دستاویزات کے ساتھ درخواست دیں اور نافیڈ کی خریداری اسکیم کا فائدہ اٹھائیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے جذام کو ''Notifiable Disease'' یعنی اطلاع شدہ عارضہ قرار دیا ہے۔ محکمۂ صحت نے بتایا کہ جذام کے پھیلاؤ کو روکنے اور مریضوں کو بروقت علاج مہیا کئے جانے کے مقصد سے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ جذام کی تشخیص ہونے والے تمام مریضوں کا رجسٹریشن دو ہفتوں کے اندر متعلقہ صحت دفتر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ہیلتھ سروسیز اور مقامی صحت افسر کے پاس کروانا تمام ڈاکٹروں اور صحت اداروں کے لیے لازمی کر دیا گیا ہے۔ ریاست میں ستمبر کے آخر تک سات ہزار 863 نئے جذام کے مریضوں کی رجسٹریشن ہوئی ہے اور 13 ہزار دس مریضوں کا علاج جاری ہے۔

***** ***** *****

دریں اثناء چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں 17 نومبر تا 2 دسمبر 2025 کے دوران جذام مریض تلاش مہم چلائی جائیگی۔ اس سلسلے میں ضلع پریشد کے چیف ایگزیکٹیو افسر انکت کی صدارت میں حال ہی میں ایک اجلاس ہوا۔ اس مہم میں میونسپل کارپوریشن اور تعلقہ سطح کے اسکولوں اور کالجوں میں مضمون نویسی کے مقابلے، جذام کی علامات، مفت علاج اور غلط فہمیوں کے بارے میں بیداری پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔ یہ تفصیلات ضلع ہیلتھ افسر ابھئے دھانورکر نے دی۔

***** ***** *****

مہا وکاس آگھاڑی نے ووٹ چوری اور فہرست رائے دہندگان میں بے ضابطگیوں اور بدعنوانیوں کا الزام لگاتے ہوئے کل ممبئی میں ''ستیہ مورچہ'' نکالا۔ اس میں نیشنلسٹ کانگریس پارٹی شرد چندر پوار گروپ کے رہنما شرد پوار، شیو سینا ادھو بالا صاحب پارٹی کے سربراہ ادھو ٹھاکرے، ایم این ایس کے سربراہ راج ٹھاکرے کے ساتھ سپریا سلے، ستیج پاٹل، وجئے وڈیٹیوار اور آدیتیہ ٹھاکرے بھی شریک تھے۔ اس کے علاوہ بائیں جماعتوں کے رہنما و کارکن بھی اس جلوس میں شریک ہوئے۔ مہا وکاس آگھاڑی کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ ان ناقص ووٹر لسٹوں کی درستگی تک مقامی اداروں کے انتخابات نہ کروائے جائیں۔ دریں اثناء بی جے پی نے تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ جلوس ستیہ یعنی سچائی کا نہیں بلکہ ستا یعنی اقتدار کا ہے۔

***** ***** *****

انڈین فوڈ کارپوریشن کے مہاراشٹر کے علاقائی دفتر نے اگست مہینے کے پہلے ہفتے سے اوپن مارکیٹ سیلز اسکیم کے تحت چاول کی فروخت شروع کر رکھی ہے۔ کارپوریشن نے خریداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس ای۔ نیلامی میں بولی لگائیں۔ چھ اور سات نومبر کو چاول کا ای۔ نیلام ہوگا۔ اور اس کے لیے 10 میٹرک ٹن چاول دستیاب کیا جائے گا۔

***** ***** *****

67 ویں آکاشوانی سنگیت سمیلن کا افتتاح ثقافتی امور کے وزیر اشیش شیلار اور کلاسکی گلوکار ارون کشاتر کر کی موجودگی میں آج ممبئی میں ہو رہا ہے۔ کووڈ کے دور میں روک دیئے گئے اس پروگرام کو دوبارہ شروع کیا جا رہا ہے۔ ہندوستانی کلاسکی موسیقی کے گلوکار پدم شری پنڈت وینکٹیش کمار اور بھاروڑ آرٹسٹ حمید امین سید اور ان کی ٹیم آج اپنے فن کا مظاہرہ کرے گی۔ 29 نومبر تک ملک کے 24 آکاشوانی مراکز پر یہ پروگرام ہوگا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

دیگر پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر اتل ساوے نے کہا ہے کہ حکومتی اسکیموں کے ذریعے دیگر پسماندہ طبقات کے تمام گروپوں کی معاشی ترقی کے لیے حکومت پرعزم ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں مہا جیوتی کی جانب سے منعقدہ قرض اسکیم اور خود روزگار میلے سے خطاب کررہے تھے۔اس پروگرام میں مختلف اداروں کی جانب سے 180 افراد کو براہ راست قرض اور 585 افراد کو ادائیگی قرض کا فائدہ تقسیم کیا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع میں محکمۂ ادویہ و اغذیہ نے گذشتہ دو ماہ میں کی گئی کارروائی میں 42 ہزار کلو سے زیادہ ملاوٹ شدہ خوردنی تیل ضبط کیا۔اس کے ساتھ ساتھ ملاوٹ شدہ مرچی پاوڈر، مصالحے اور دیگر اشیاء بھی ضبط کی گئی۔ان ضبط شدہ اشیاء کی قیمت 92 لاکھ روپیئے ہے۔ یہ اطلاع فوڈ اینڈ ڈرگ محکمے کی جانب سے دی گئی۔

***** ***** *****

بیڑ میں کل ریاستی سطح کے اسکولی والی بال مقابلوں کا افتتاح عمل میں آیا۔ بیڑ ضلع کے کھیل دفتر کی جانب سے ان مقابلوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔اس موقع پر ضلع کلکٹر وویک جانسن، پولس سپرنٹنڈنٹ نونیت کانوت، رکن اسمبلی سندیپ شرساگر، رکن اسمبلی وکرم کاڑے اور دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔

***** ***** *****

خواتین کے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل آج بھارت اور جنوبی افریقہ کے مابین کھیلا جائے گا۔نوی ممبئی کے ڈی وائے اسٹیڈیم پر سہ پہر تین بجے یہ میچ شروع ہوگا۔دونوں ٹیموں نے ابھی تک عالمی کپ نہیں جیتا ہے۔

بھارت اور آسٹریلیا کے مابین جاری مردوں کی رواں ٹی ٹوینٹی سیریز کا تیسرا میچ آج ہوبارٹ میں کھیلا جائے گا۔ دوپہر پونے دو بجے اس میچ کا آغاز ہوگا۔ پانچ میچوں کی اس سیریز میں آسٹریلیا ایک میچ جیت کر برتری حاصل کیئے ہوئے ہے۔

***** ***** *****

آئندہ دو دنوں میں پورے کوکن میں کچھ جگہوں پر جبکہ مراٹھواڑہ، وسطی مہاراشٹر اور ودربھ میں چند ایک مقامات پر بارش کی پیش گوئی دفتر موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاست کے ہر شہری کی زندگی میں خوش حالی اور سکون ہو۔ نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے سرکاری مہا پوجا میں دعائیہ کلمات۔

☆ مرکزی حکومت کی امدادی قیمت اسکیم کے تحت مونگ، اڑد اور سویا بین کی خریداری کا ریاست میں 15 ر نومبر سے آغاز۔

☆ فہرست رائے دہندگان کی بے ضابطگیاں دور کرنے کے مطالبے پر مہاوکاس آگھاڑی کا ممبئی میں احتجاجی جلوس۔

اور۔۔۔☆ خواتین کے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل آج بھارت اور جنوبی افریقہ کے مابین۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****